مختصر سوالات اور جوابات

سوال نمبر۱۔ ثقافت کی چار خصوصیات بتائیں۔

جواب:
(i) یہ ہمارا سماجی ورثہ ہے
(ii) یہ لوگوں کے رویے کی نشاندہی کرتا ہے۔
(iii) یہ ہمارے قومی کردار کا حصہ ہے۔
(iv) یہ لوگوں کی ضروریات کی نشاندہی کرتا ہے۔

سوال نمبر۲۔ اردو زبان کی چار خصوصیات بتائیں۔ اردو زبان کی افادیت پر تین جملے لکھئے۔ (۲۰۱۲)

جواب:
(i) یہ چاروں صوبوں کی نمائندگی کرتی ہے۔
(ii) اردو نے تحریک پاکستان کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔
(iii) یہ ایک بین الاقوامی زبان بنتی جا رہی ہے۔
(iv) یہ پاکستان کی شناخت اور قومی اتحاد کی علامت ہے۔

سوال نمبر۳۔ پاکستانی ثقافت کی چار خصوصیات لکھئے۔

جواب:
(i) بڑے چھوٹوں سے شفقت سے پیش آتے ہیں۔
(ii) مرد کا کام کما کر کھلانا ہے۔
(iii) خواتین گھر کی کرتا دھرتا تصور کی جاتی ہیں۔
(iv) خوراک اور لباس کی عادات تمام صوبوں میں یکساں ہیں۔

سوال نمبر۴۔ پنجاب میں ہونے والے چار شخصیات کے عرس بتائیے۔

جواب:
(i) حضرت داتا گنج بخش ؒ لاہور
(ii) حضرت میاں میرؒ لاہور
(iii) حضرت بہاالدین ذکریاؒ ملتان
(iv) حضرت شاہ رکن عالمؒ ملتان

سوال نمبر۵۔ سندھ کی چار شخصیات کے عرس بتائیے۔

جواب:
(i) حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ بھٹ شاہ
(ii) حضرت سچل سرمست ؒ درازہ
(iii) حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کراچی
(iv) حضرت لال شہباء قلندرؒ سیہون

سوال نمبر ۶۔ تین پنجابی شعراء کے نام لکھیے۔

جواب: (i) مادھو لعل حسین (ii) سلطان باہو (iii) وارث شاہ

سوال نمبر ۷۔ تین سندھی شعراء کے نام لکھیے۔

جواب: (i) شاہ عبداللطیف بھٹائی (ii) سچل سرمست (iii) لعل شہباز قلندر

سوال نمبر ۸: بلوچی ادب کے چار ادوار لکھیے۔

جواب: (i) ابتدائی زمانہ ۱۴۳۰---۱۶۰۰

(ii) بعد کا زمانہ ۱۶۰۰---۱۸۵۰

(iii) جدید زمانہ ۱۸۵۰---۱۹۳۰

(iv) عصر حاضر کا زمانہ ۱۹۳۰---تا فی زمانہ

سوال نمبر ۹۔ تین بلوچی شعراء کے نام بتائیے۔

جواب: (i) جام دراگ (ii) شاہ مرید (iii) شاہ داد

سوال نمبر ۱۰۔ تین پشتو شعراء کے نام بتائیے۔

جواب: (i) خوشحال خان خٹک (ii) رحمان بابا (iii) امیر خسرو